

# تعارف تبصرہ کتب

نام کتاب: فتاویٰ دار العلوم زکریا (جلد اول) عام قیمت: -/۳۰۰ روپے

افادات: حضرت مولانا مفتی رضا الحق صاحب مدظلہ (استاد الحدیث و مفتی بدر العلوم زکریا جنوبی افریقہ)

ترتیب و تہذیب: مولانا مفتی عبد الباری و مولانا محمد الیاس شیخ ناشر: زمزم پبلشرز کراچی۔

فتویٰ اور افتاء کا تاریخی سلسلہ بہت ہی قدیم ہے۔ حضور اقدس ﷺ سے لے کر آج تک علمائے کرام اس عظیم منصب پر فائز ہوتے چلے آرہے ہیں۔ اور اکثریت کے صادر کردہ فتاویٰ کا مجموعہ کتابی شکل میں اس وقت دنیا بھر کی لائبریریوں میں موجود ہے۔ جن سے ارباب علم و کمال استفادہ کرتے ہیں اور اہل فتاویٰ فتویٰ نویسی میں رہنمائی لیتے ہیں۔ فتاویٰ دار العلوم زکریا بھی اسی سلسلے کی ایک اور کڑی ہے۔ جو حضرت اقدس مولانا مفتی رضا الحق شاہ منصوری مدظلہ کے جاری کردہ فتاویٰ کا مجموعہ ہے۔ حضرت مفتی صاحب ایک باکمال، جامع صفات علمی شخصیت ہیں اور آپ مدظلہ کا تعلق ضلع صوابی صوبہ سرحد کے ایک مشہور و معروف گاؤں شاہ منصور کے زہد و تقویٰ، علم و فضل کے پیکر خاندان سے ہے اور جامعہ دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے ان فرزندان میں سے ہیں جن پر جامعہ فخر کرتی ہے۔ اللہ پاک جزائے خیر دے مولانا عبد الباری صاحب اور مولانا محمد الیاس شیخ صاحب کو جنہوں نے حضرت مفتی صاحب کے ان گرانقدر علمی اور تحقیقی فتاویٰ کو جمع کر کے بہترین انداز میں مرتب کیا اور زمزم پبلشرز کراچی نے دیدہ زیب ٹائٹل، عمدہ کتابت اور شاندار طباعت کے ساتھ علماء اور طلباء بلکہ ہر خاص و عام پر احسان کرتے ہوئے اس گنجینہ علم کی پہلی جلد کو شائع کیا۔ فتاویٰ کی یہ پہلی جلد کتاب الایمان والعقائد، کتاب التفسیر والتجوید، کتاب الحدیث والآثار، کتاب السلوک والطریقہ اور کتاب الطہارۃ پر مشتمل ہے۔ فتاویٰ میں استفتاء کا ہر جواب انتہائی تدقیق اور تحقیق کے ساتھ دیا گیا جس کے لئے ہر مذہب کے علماء، محدثین اور فقہاء کی کتابوں کی طرف مراجعت کی گئی ہے اور ہر کتاب کا مکمل حوالہ مع عبارت کے درج ہے، بعض ایسے جوابات بھی ہیں جو دوسرے فتاویٰ میں نہیں ہے اور اگر ہے بھی تو اجمالی ہے، اس لئے یہ فتاویٰ ہر خاص و عام کی علمی پیاس بجھانے کے لئے انتہائی مفید ہے اور ہر لائبریری کی زیب ہے، کتاب کا مطالعہ کر کے دل سے یہ دعا نکلتی ہے کہ خدا کرے کہ یہ عظیم فقہی انسائیکلوپیڈیا پایۂ تکمیل تک پہنچ کر شائع ہو جائے۔

---

نام کتاب: قاموس الفقہ (۵ جلدیں) مصنف: حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی مدظلہ

عام قیمت: ۱۸۰۰ ناشر زمزم پبلشرز کراچی

حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب دامت برکاتہم ایک مشہور و معروف ممتاز عالم دین اور صاحب

© rasailojaraid.com